Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۲۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۱۹ ذیقعدہ ۱۳۳۴ھ مطابق ۱۸ ستمبر ۱۹۱۶ء	نمبر ۳۹

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ کلرک دارالانشاء	۱
۲	عطائے رخصت ... ذوالفقار علی خانصاحب ... مستقل کپتان ...	۱
۳	نسبت انتظام جائے افسران آبکاری	″
۴	اضافہ جات اہلکاران سررشتہ آڈٹ	″
۵	اضافہ جات اہلکاران اجلاس ہمایون	[illegible]
۶	نقشہ پرسش و نقشہ ... اجناس	[illegible]

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اضافہ

۱۸ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعا میر منشی دارالانشاء کشن سروپ کلرک دارالانشاء شاہرہ ماہوار ... روپیہ ماہوار کا دس روپیہ ماہوار اضافہ ہو کر پچیس روپیہ ماہوار تنخواہ مقرر فرمائی گئی۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم
واقع ۹ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

مولوی ذوالفقار علیخان سپرنٹنڈنٹ آبکاری کی درخواست ہے کہ انکو تین ۳ مہینے کی رعایتی رخصت ۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے عطا کیجائے۔ اور بعد ختم رخصت یعنی ۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے وہ اپنے عہدہ سابق انسپکٹر آبکاری ممالک متحدہ پر واپس بھیجدیئے جائیں۔ مابدولت اقبال آیگی استدعا منظور فرماتے ہیں۔

۲۔ کپتان عظمت اسد خان اسوقت قائم مقام سپرنٹنڈنٹ آبکاری مقرر کئے جائیں۔ ۵ دسمبر سنہ ۱۹۱۶ء کو وہ اسی عہدے پر مستقل کئے جائینگے تین سو ساٹھ روپیہ ماہوار تنخواہ ۵ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے انکو صیغہ آبکاری سے ملیگی۔ آیندہ فوج سے کوئی تنخواہ نہیں پاینگے مگر کپتان کا رینک اور اے۔ ڈی۔ سی کا اعزاز بدستور رہیگا۔

حکم ہوا کہ

صدر سے احکام ضابطہ جاری کئے جائیں۔ ایک نقل اس روبکار کی دارالانشا میں بھیجدیجائے۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم
واقع ۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

منشی محمود علیخان و منشی منور علیخان انسپکٹران آبکاری کو انکے خدمات سے سبکدوش کیا جاتا ہے اور ان دونوں جگہوں کا انتظام حسب ذیل کیا جاتا ہے

۱۔ سید آل حسن محرم امام باڑہ بشاہرہ ساٹھ روپیہ تنخواہ اور پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی پچھتر روپیہ ماہوار

منشی سلیم الحق گرداور قانونگو بشاہرہ پچاس روپیہ ماہوار تنخواہ و پندرہ روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی پینسٹھ روپیہ ماہوار پر انسپکٹران آبکاری مقرر کئے جاتے ہیں۔

۲۔ سردار ولی خان ہیڈ کانسٹبل بشاہرہ تیس روپیہ ماہوار تنخواہ اور دس روپیہ ماہوار ہارس الاونس یعنی چالیس روپیہ ماہوار سب انسپکٹر آبکاری بطور عارضی مقرر کئے جاتے ہیں۔

حکم ہوا کہ

منشی محمود علیخان و منور علیخان کا نام صیغہ ملازمت سے خارج کیا جاوے سید آل حسن اور منشی سلیم الحق و سردار ولی خان کو اب تک جہان جہاں سے تنخواہ ملتی ہے وہاں سے بند کردیجائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ملخص احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم ملکہم

اضافہ جات

۱۱ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رپورٹ ممبر صاحبان بورڈ آف آڈٹ اہلکاران سررشتہ آڈٹ کا اضافہ بتفصیل تحت اور سید اصغر حسین کا آیندہ نایب پیشکار رکھا جانا منظور فرمایا گیا۔ منشی سکھپال لال ۱۰ منشی نرپت رای ۱۰ منشی سید آل نبی ۱۰ منشی رنجیت بہادر ۵ منشی نیاز بہادر خان ۵ منشی حمید علیخان ۵ منشی گھاسی رام ۵ منشی رام غلام ۵ منشی درگا پرشاد ۵ منشیان ۔ دفتری و فراش ۔ چار کس چپراسیان فی کس ۱

اضافہ جات

۱۲ ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب استدعا میر منشی صاحب اجلاس ہمایون اہلکاران اجلاس ہمایون کا اضافہ بتفصیل تحت بوجہ حسن انجام کار متعلقہ یکم ستمبر سنہ ۱۹۱۶ء سے منظور فرمایا گیا۔ منشی گلزار یلال ناظر اجلاس ہمایون ۔ منشی احمد سعید اپیل ۔ منشی سید ذاکر علی ۵ منشی حفیظ علیخان ۵ منشی موہن لال ۵ ۔

نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتدا ۷؍ ستمبر لغایت ۱۳؍ ستمبر ۱۹۱۶ء

تاریخ و دن	صدر عامیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین	تعداد بارش	تری زمین
۷؍ ستمبر ۱۹۱۶ء یوم پنجشنبہ	۰	۴۰۰	۰	۴۰۷	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۰۰	۰	۳۲۰
۸؍ ستمبر ۱۹۱۶ء جمعہ	۰	۴۷۰	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۹؍ ″ شنبہ	۰	۴۰۰	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۱۵
۱۰؍ ″ یکشنبہ	۰	۴۰۰	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۱	۰	۳۲۵
۱۱؍ ″ دوشنبہ	۰	۴۷۷	۰	۴۰۶	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۲؍ ″ سہ شنبہ	۰	۴۷۷	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۵۲۰	۰	۳۶۱	۰	۳۶۲	۰	۳۲۵
۱۳؍ ″ چہارشنبہ	۰	۴۰۰	۰	″	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا

نقشہ نرخنامہ اجناس متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے ۱۰؍ لغایت ۱۶؍ ستمبر ۱۹۱۶ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹ سیر		۹ سیر	۹ سیر	۹ سیر	۹ سیر	شاہ آباد سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	
نخود کسہ آمیز	۱۱ سیر		۱۱ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۱ سیر	
کسہ	۰		۱۱ سیر		۱۲ سیر	۱۲ سیر	
ماش	۸ سیر		۷ سیر	۷ سیر	۷ سیر	۹ سیر	
مونگ	۷ سیر		۷ سیر	۰	۷ سیر	۷ سیر	
مکا	۱۳ سیر		۱۳ سیر	۱۷ سیر	۱۹ سیر	۱۹ سیر	
جنی	۱۳ سیر		۱۴ سیر	۱۵ سیر	۱۶ سیر	۱۴ سیر	
کودی	۰		۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	۱۲ سیر	
ارہر	۹ سیر		۱۰ سیر	۰	۹ سیر	۷ سیر	
مسور	۷ سیر		۵ سیر	۰	۸ سیر	۰	
برنج	۶ سیر		۶ سیر	۶ سیر	۶ سیر	۶ سیر	
روغن زرد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن کنجد	[illegible]		[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	
روغن سیاہ	۲ سیر		۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	۲ سیر	
نمک سانبھر	۱۱ سیر		۱۴ سیر	۱۱ سیر	۱۲ سیر	۱۳ سیر	
نمک لاہوری	۰		۱۱ سیر	۹ سیر	۱۰ سیر	۱۴ سیر	
قند سیاہ	۵ سیر		۵ سیر	۴ سیر	۵ سیر	۹ سیر	
باجرہ	۱۱ سیر		۸ سیر	۰	۰	۰	

مطبع مدرسہ عالیہ ریاست رامپور